Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date:01 Septeber 2024

Time: 09.00 to 09.10 AM

آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: یکم ستمبر 2024

وقت:09.00سے 09.10 بجے

**********

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ خواتین کی حفاظت کے لیےقوانین کومزید سخت بنانے کی ضرورت کاوزیراعظم نے کیااظہار۔

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کےفنڈ کی تقسیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگرکوآئندہ مارچ۔اپریل تک وافرمقدار میں پینے کے پانی کی فراہمی کی جائے گی۔مکانات کی تعمیر کے ریاستی وزیراتول ساوے کا تیقن۔

اور☆ پیرس پیرالمپک کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کےآگے بڑھنے کا خاتون نشانے باز روبینہ فرانسس نے جیتا کانسے کا تمغہ،تسلسل جاری

**********

اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعظم نریندرمودی نے خواتین کی حفاظت کے لیےقوانین کومزید مضبوط بنانے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔وزیراعظم کل نئی دہلی میں ضلع سطح کی عدلیہ کی دوروزہ قومی کانفرنس کےافتتاح کے موقع پرخطاب کررہے تھے۔اس کانفرنس میں ایک سکےاورڈاک ٹکٹ کی بھی نقاب کشائی کی گئی۔جس کا اہتمام سپریم کورٹ کےامرت مہوتسوکی سالگرہ کے موقع پرکیا گیا۔وزیراعظم نے کہا کہ سپریم کورٹ کا75 سالہ سفرجمہوریت کی ماں کےطور پر بھارت کی شان بڑھاتا ہے۔اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس ڈی وائے چندر چوڑ نے کہا کہ یہ کانفرنس ضلع سطح کی عدلیہ اوردیگر کے درمیان بات چیت کی گنجائش فراہم کرے گی۔

اس موقع پرقانون وانصاف کے مرکزی وزیرارجن رام میگھوال نے بتایا کہ ای کورٹ پہل کے تیسرے مرحلے میں جدیدٹیکنالوجی کے استعمال کے لئے7ہزار200 کروڑروپیوں کا فنڈ دستیاب کرایا گیا ہے۔اٹارنی جنرلR.Venkatramani،سپریم کورٹ بارکونسل کے صدرکپل سبل نےاس موقع پرحاضرین سے بات چیت کی۔اس کانفرنس کا آج اختتام ہورہا ہے۔

**********

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے فنڈ کی تقسیم کا دوسرا مرحلہ کل ناگپور میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں شروع کیا گیا۔اس موقع پر سڑکوں اور شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری، نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار سمیت خواتین اور بچوں کی ترقی کی ریاستی وزیر ادیتی تٹکرے موجود تھیں۔وزیراعلیٰ شندے نے بتایا کہ اس اسکیم سے فائدہ اٹھانے والی بہنوں کی تعداد فی الحال ایک کرڑ60 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔اور یہ تعداد ڈھائی کروڑ تک پہنچنے کا امکان ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر یہ تعداد 3 کروڑ تک بھی پہنچ جائے تو ان کے بھائی، بہنوں کی مدد کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

وزیراعلیٰ نے یہ بھی بتایا کہ اس اسکیم کے پہلے مرحلے میں ایک کروڑ 7 لاکھ بہنوں کے کھاتوں میں 3 ہزار 225 کروڑ روپئے اور دوسرے مرحلے میں 52 لاکھ بہنوں کے کاؤنٹ میں ایک ہزار 562 کروڑ روپئے جمع کرائے گئے۔

**********

نائب وزیراعلیٰ اور وزیرخزانہ اجیت پوار نے کہا ہے کہ زرعی اجناس کی فہرست میں انگور سے بنائی جانے والی کرینٹس کو شامل کرنے کے بارے میں مثبت فیصلہ کیا جائے گا۔وزیرموصوف کل منترالیہ میں انگور کے کسانوں کے مختلف مسائل اور مطالبات کے حوالے سے منعقدہ میٹنگ میں بول رہے تھے۔اس میٹنگ میں کرینٹس پر 5 فیصد اشیاء وخدمات ٹیکس جی ایس ٹی کو منسوخ کرنے کی خاطر ابتدائی کاروائی مکمل کرنا اور مرکزی جی ایس ٹی کاونسل کو خط لکھنا، قومی پارٹی کلچر بورڈ سے انگور کی فصلوں کو قدرتی آفات سے ہونے والے نقصان کے لیے رعایت حاصل کرنے کی درخواست دینے جیسے فیصلے کیئے گئے۔

**********

ریاستی اسمبلی کے آئندہ انتخابات کے پیش نظر انتخابی کمیشن کی جانب سے رائے دہندگان کی فہرست کو اپ ڈیٹ کرنے کا دوسرا مرحلہ، خصوصی نظر ثانی پروگرام، 25 جون تا 30 اگست کے دوران چلایا گیا۔اس مناسبت سے رائے دہندگان کے ناموں کی حتمی فہرست تمام الیکٹرول رجسٹریشن افسران کے دفاتر کے ساتھ ساتھ چیف الیکٹرول افسر اور کلکٹرس کے دفاتر کی ویب سائٹس پر شائع کی گئی ہے۔ایسی حتمی ووٹرس لسٹ کے مطابق ریاست میں رائے دہندگان کی تعداد میں 16 لاکھ 96 ہزار 368 افراد کا اضافہ ہوا ہے۔

**********

ناندیڑ ضلع انتظامیہ نے آئندہ اسمبلی انتخابات کے لیے 7 ہزار 10 بیلیٹ یونٹس، 3 ہزار 922، کنٹرول یونٹس اور 4 ہزار 231 وی وی پیٹ مشینیں تیار کی ہیں۔یہ مشینیں ضلع کے 9 اسمبلی حلقوں کے لیے استعمال کی جائیں گی۔اس چناؤ کے لیے ضلع رائے دہندگان کی حتمی فہرست جاری کردی گئی ہے۔جس کے مطابق ضلع میں کل 27 لاکھ 51 ہزار 638 رائے دہندگان ہیں۔اسی طرح لاتور ضلع کے تمام تحصیل دفاتر اور سب ڈویژنل افسران کے دفاتر میں بھی ووٹرس لسٹ جاری کردی گئی ہے۔ضلع میں کل 20 لاکھ 16 ہزار 990 ووٹرس ہے۔

**********

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جاری ہیں۔**

**********

مکانات کی تعمیراور دیگر پسماندہ بہوجن کی ترقی کے ریاستی وزیراتل ساوے نے یقین دلایا ہے کہ آئندہ مارچ۔اپریل تک چھترپتی سمبھا جی نگرشہرکووافرمقدار میں پینے کے پانی کی فراہم کی جائے گی۔وزیرموصوف کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں راجیوگاندھی اسٹیڈیم کاملیکس میں ہمہ جہتی کھیل کا مپلیکس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرر ہے تھے۔ساوے نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے اس کامپلیکس کی تعمیر کے لیے ایک کروڑ20 لاکھ روپئے کی منظوری دی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس عمارت کو3 مہینوں میں تعمیر کرلیا جائے گا۔ساوے نے یہ بھی بتایا کہ گروارے اسٹیڈیم کے قریب ایک بین الاقوامی کرکٹ گراؤنڈ بنایا جائے گا۔

**********

جالنہ ضلع اسپتال میں منعقدہ قومی نیوٹریشنز ہفتے کا افتتاح کل اضافی سرجن سرجن ڈاکٹر راجندر گاڑیکر کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ادویات کی بجائے صحت مند متوازن غذا، ورزش، یوگا، مراقبے اور مثبت سوچ سے صحت بہتر ہوتی ہے۔اس لیے ہر انسان کو وٹامن سے بھر پور خوراک کا استعمال کرنا چاہئے۔قومی نیوٹریشن اور خوراک میں موٹے اناج کو شامل کرنے کے موضوع پر دھاراشیو میں آج ایک ملٹی میڈیا نمائش اختتام پذیر ہورہی ہے۔اس نمائش کی مناسبت سے ضلع اسپتال میں ہیموگلوبین، بلڈ پریشر، شوگر اور ایچ آئی وی وغیرہ کی جانچ کی گئی۔اس موقع پر خواتین کے بچت گروپوں نے موٹا اناج پکانے کا ایک بڑا مقابلہ منعقد کیا۔ساتھ ہی بھارت ودیالیہ کے طلبہ کے لئے کوئز مقابلے کا انعقاد بھی کیا گیا۔

**********

لاتور ضلع کے نلنگا میں کل درجہ اول کے مجسٹریٹ نے مہاراشٹر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا ہے۔16 برس قبل 2008 میں ایم این ایس کے کارکنان نے نلنگا میں کارپوریشن کی بس کو آگ لگادی تھی۔راج ٹھاکرے کے خلاف ان کی اشتعال انگیز تقریر کی وجہ سے مقدمہ درج کیا گیا تھا۔تاریخ پر حاضر نہ ہونے کے سبب عدالت نے ایک بار پھر ان کے خلاف ناقابل ضمانت گرفتاری وارنٹ جاری کردیا ہے۔

**********

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے رہنما امباداس دانوے نے کل ناندیڑ میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیش نظر شیوسینکوں سے تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے اس موقع پر ضلع میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور پارٹی عہدیداران کو ہدایت دی کہ مہاوکاس اگھاڑی جس کی امیدواری کا فیصلہ کرے سب اس کے لیے کام کریں۔

**********

چھترپتی سمبھا جی نگر میں ہر پان کی دکان کے قریب کوڑے دان اور تھوک دان رکھنے کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔اس قاعدے پر عمل نہ کرنے والے پان کے دکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ڈپٹی میونسپل کمشنر اروند جوگدنڈ نے کہا ہے کہ پہلے معائنے میں 5000 روپئے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

**********

بھارت کی روبینہ فرانسس نے کل پیرس پیرالمپک کھیلوں میں خواتین کی 10 میٹرایئر پستول نشانے بازی میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ان مقابلوں میں بھارت یہ 5واں اورنشانے بازی میں چوتھا تمغہ ہے۔وہیں بیڈمنٹن میں بھارت کے سکانت کدم اورسہاس یتیراج نے سیمی فائنل میں داخلے کے لیے اپنے اپنے سنگل گروپس جیت کرملک کے لیے کم ازکم ایک تمغہ یقینی بنایا ہے۔اسی طرح سریتا دیوی نے خواتین کے کمپاؤنڈ تیراندازی مقابلے میں سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔

**********

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے ایک تا چار زمرے کے کل 30 افسران وملازمین کل عمر کی مقررہ حد مکمل ہونے پر سبکدوش ہوگئے۔ان افسران وملازمین کو کل اسمارٹ سٹی دفتر میں میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت کے ہاتھوں ٹوپیاں، شال اور گلدستے اور سروس سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔ساتھ ہی ان ملازمین میں جی پی ایف کے چیکس بھی تقسیم کئے گئے۔

**********

انڈین انجینئرنگ کی مواصلاتی خدمات کے افسر سریش بوچرے کل آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر مرکز سے ریٹائرڈ ہوگئے۔اپنی 38 سالہ سرکاری ملازمت کے دوران بوچرے نے جالنہ دوردرشن، آکاشوانی ناگپور، جھنڈواڑی، دریاپور، بیڑ اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں ذمہ داریاں نبھائیں۔

**********

آخر میں خاص خبروں کی سرخیاں ایک بار پھر:

☆ خواتین کی حفاظت کے لیے قانون کو مزید سخت بنانے کی ضرورت کا وزیراعظم نے کیا اظہار۔

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے فنڈ کی تقسیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کو آئندہ مارچ۔اپریل تک وافر مقدار میں پینے کے پانی کی فراہمی کی جائے گی۔مکانات کی تعمیر کے ریاستی وزیراتول ساوے کا تیقن۔

اور☆ پیرس پیرالمپک کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کے آگے بڑھنے کا خاتون نشانے باز روبینہ فرانسس نے جیتا کانسے کا تمغہ،تسلسل جاری

**********